ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

شہر کے بیس مرکزی ہوٹلز میں ریڈ آئی سافٹ ویئر نصب کر دیئے گئے۔

آئی جی سندھ کی زیر صدارت سی پیک سیکیورٹی فالواپ اجلاس۔

کراچی یکم نومبر 2017ء:۔

آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ نے سینٹرل پولیس آفس میں سی پیک سیکیورٹی فالواپ اجلاس کی صدارت کے دوران بتایا کہ کراچی کے بیس بڑے مرکزی ہوٹلز میں ریڈ آئی ہوٹلز سافٹ ویئر کی تنصیب کے تحت سیکیورٹی کے مجموعی امور کو مزید غیر معمولی بنانیکے عمل کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ اس سافٹ ویئر کی حیدر آباد اور سکھر کے مرکزی ہوٹلز میں تنصیب کے اقدامات بھی جلد اٹھائے جائیں گے۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ، ایڈمن کراچی، ہیڈکوارٹرز سندھ، آر آر ایف، فائنانس، اور میر پور خاص کے ڈی آئی جیز سمیت آپریشنز، اسٹیبلشمنٹ اور ایڈمن کے اے آئی جیز کے علاوہ حیدر آباد، گھوٹکی، ٹھٹہ، مٹھی اور تھر پارکر کے ایس ایس پیز نے بھی شرکت کی۔

انہوں نے ایس ایس پیز کو ہدایات دیں کہ تمام چیمبرز/صنعتی زونز کے عہدیداران/نمائندوں سے ضلعی سطح پر جلد سے جلد شیڈول اجلاس ترتیب دیں اور انھیں اسٹینڈنگ آپریٹنگ پروسیجرز (SOPs) کے جملہ امور کے ساتھ ساتھ اسکے تحت سی پیک اور نان سی پیک سے وابستہ چائینیز/غیر ملکیوں کے سیکیورٹی اقدامات میں اسپانسرز کی ذمہ داریوں سے بھی باقاعدہ آگاہی کو یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے ڈی آئی جی آر آر ایف کو سی پیک پروجیکٹ کی ہر پندرہ دنوں پر مشتمل سیکیورٹی آڈٹ رپورٹ جبکہ تمام ضلعی ایس ایس پیز کو نان سی پیک پروجیکٹ کی ماہانہ بنیاد پر سیکیورٹی آڈٹ رپورٹ ترتیب دینے اور باقاعدہ ارسال کرنیکی ہدایات دیں۔ دریں اثناء انہوں نے ضلعی ایس ایس پیز کو صوبے میں جاری تمام نان سی پیک پروجیکٹس اور اس ضمن میں پولیس ڈپلائمنٹ کی تفصیلات بھی تیار کرنے اور ارسال کرنیکے احکامات دیئے۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔